# Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

## پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں کو اڈیالہ جیل انتظامیہ کی جانب سے بانی چیئر مین عمران خان سے ملاقات کی اجازت نہ دیے جانے کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی اڈیالہ جیل کے امور میں خفیہ ایجنسیوں کی مداخلت کی شدید مذمت

شہریوں سے لے کر عدلیہ تک اور اب جیل کے انتظامی امور پوری طرح خفیہ اداروں کے شکنجے میں جکڑے ہوئے ہیں، خفیہ ایجنسیوں کے اس غیر آئینی کردار کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے 6 ججز اور اے ٹی سی سرگودھا کے جج اپنے خطوط میں بے نقاب کر چکے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

خفیہ ایجنسیاں آئین، قانون، جمہوریت اور اقدار کو جوتے کی نوک پر رکھتے ہوئے ملک میں لاقانونیت، وحشت اور بربریت کا بازار گرم کر کے ملک کو انتشار کی جانب دھکیل رہی ہیں، ترجمان تحریک انصاف

پاکستان کی داخلی سلامتی کو اس وقت سنگین نوعیت کے خطرات لاحق ہیں، ترجمان تحریک انصاف

ایک روز قبل ایوان بالا کے سابق رکن سینیٹر ہدایت اللہ کو بم دھماکے میں شہید کیا جانا امن عامہ کی بگڑتی صورتحال کی تازہ ترین مثال ہے، ترجمان تحریک انصاف

پورے ملک میں لاقانونیت کا راج اور جرائم خصوصاً دہشت گردی واقعات میں بدستور اضافہ انٹیلی جنس اداروں کے آئینی فرائض کی انجام دہی پر سوالیہ نشان ہے، ترجمان تحریک انصاف

پاکستان اس وقت تمام ہمسایہ ممالک سے کشیدگی کی زد میں ہے جبکہ خفیہ ایجنسیاں ایک سیاسی جماعت، آئین و قانون کے ساتھ کھڑے ججز اور شہریوں کے حقوق غصب کرنے میں مصروف عمل ہیں، ترجمان تحریک انصاف

وطن عزیز کو اس فسطائیت کے شکنجے سے چھڑانے کیلئے پوری قوم یکجا، یکسو اور متحد ہے، ترجمان تحریک انصاف

سپرٹنڈنٹ اڈیالہ جیل اور خفیہ ایجنسیوں کے مابین مجرمانہ ساز باز کا معاملہ پارلیمان کے ایوانوں اور عدالت میں اٹھائیں گے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ